کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان محکمہ آبپاشی کے سیکرٹری، سہیل الرحمان بلوچ نے صوبے بھر میں آبپاشی اور پانی کے انتظام سے متعلق اہم چیلنجز پر غور کیلئے پارلیمانی نمائندوں کے ساتھ ایک فیر رکی مگر نتیجہ خیز اجلاس منعقد کیا اجلاس میں اپوزیشن لیڈر اور گوادر سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان، جبکہ لورالائی سے رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے شرکت کی محکمہ آبپاشی کے سینئر افسران، جن میں سیکشن آفیسر انجم بشیر اور ایس ڈی او آبپاشی کوئٹہ ڈویژن محراب بلوچ بھی اجلاس میں موجود تھے اجلاس کے دوران شرکاء نے اضلاع سے متعلق مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، جس میں پانی کی قلت، آبپاشی کے نظام کا انفراسٹرکچر ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اور نہری نظام کی بحالی پر خصوصی توجہ دی گئی اراکین اسمبلی نے خاص طور پر گوادر اور لورالائی جیسے خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں پانی کی منصفانہ تقسیم کی فوری ضرورت پر زور دیا، جہاں زرعی پیداوار شدید متاثر ہو رہی ہے۔ سہیل الرحمان بلوچ نے نمائندوں کو یقین دہانی کرائی کہ محکمہ آبپاشی قلیل مدتی ریلیف اقدامات اور طویل مدتی انفراسٹرکچر منصوبوں پر فعال طور پر کام کر رہا ہے انہوں نے پانی کے وسائل کے بہتر انتظام کیلئے آبپاشی نظام کی جدید کاری اور مقامی سطح پر مربوط حکمت عملی کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کو اجاگر کیا۔ مولانا ہدایت الرحمان نے گوادر میں فوری اقدامات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پانی کی قلت اب ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے جو عوام کی روزمرہ زندگی اور روزگار دونوں کو متاثر کر رہی ہے۔ اسی طرح حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے لورالائی میں تاخیر کا شکار آبپاشی منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ مقامی کسانوں کو سہارا دیا جا سکے۔ محکمہ کے ذرائع کے مطابق کئی نئے منصوبوں پر غور جاری ہے، جن میں پانی کے ضیاع کو کم کرنے کیلئے نہروں کی لائننگ، خشک علاقوں میں چھوٹے چیک ڈیمز کی تعمیر، اور پانی کے تحفظ کی جدید ٹیکنالوجیز کا استعمال شامل ہے۔ بلوچستان بھر میں آبپاشی کی ضروریات کا جامع سروے کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ محکمہ وفاقی حکام کے ساتھ رابطے میں ہے تاکہ جاری ترقیاتی پروگراموں کے تحت ترجیحی منصوبوں کے لیے اضافی فنڈز حاصل کیے جا سکیں۔ حکام کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں کے پیش نظر ماحولیاتی لحاظ سے مضبوط انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ باہمی رابطے کو برقرار رکھا جائے گا اور زیر بحث مسائل پر بروقت پیش رفت کو یقینی بنایا جائے گا، جو صوبے میں پانی کے انتظام کے مسائل کے حل کے لئے ایک مشترکہ اور مربوط حکمت عملی کی عکاسی کرتا ہے۔

# سرکاری سکولوں میں فیس لینے پر کارروائی ہوگی' ڈی ای او کوئٹہ

## سرکاری تعلیمی اداروں میں مفت تعلیم کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے

## سرکاری سکولوں میں فیس یا چارجز کی وصولی حکومتی پالیسی کی خلاف ورزی ہے' مراسلہ

کوئٹہ (یو این اے) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ نے ضلع کے تمام سرکاری تعلیمی اداروں میں طلباء سے کسی بھی قسم کی فیس یا رقم کی وصولی پر فوری اور سخت پابندی عائد کردی ہے ڈی ای او آفس سے جاری کردہ مراسلہ کے مطابق اعلیٰ حکام کو یہ شکایات موصول ہوئی ہیں کہ ضلع کے بعض اسکولوں میں داخلہ فیس یا دیگر چارجز کے نام پر طلباء سے پیسے لئے جا رہے ہیں، جو کہ حکومتی پالیسی کی صریحاً خلاف ورزی ہے مراسلہ میں تمام ڈسٹرکٹ آفیسرز ایجوکیشن، ڈی ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ای اوز اور ہائی و ہائیر سیکنڈری اسکولوں کے پرنسپلز و ہیڈ ماسٹرز کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ سرکاری اسکولوں میں مفت تعلیم کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے، لہذا کسی بھی صورت میں طالب علموں سے کوئی فیس طلب نہ کی جائے تمام اداروں کے سربراہان کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ داخلہ فیس یا کسی بھی قسم کی دیگر وصولی کو فوری طور پر روک دیں اور اس حکم نامہ کو تمام اسٹاف ممبران تک پہنچا کر اس پر عملدرآمد سو فیصد یقینی بنائیں۔ ڈی ای او کوئٹہ نے واضح کیا ہے کہ اس ہدایت کی خلاف ورزی کرنے والے اسکول سربراہان اور ذمہ دار عملے کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس سلسلے میں باقاعدہ مانیٹرنگ بھی کی جائے گی۔

# تربت، پروفیشنل سرٹیفکیٹ کورسز کی کلاسز کا باقاعدہ آغاز

## آخری تاریخ میں 17 اپریل 2026 تک توسیع کر دی گئی

تربت (آئی این پی) یونیورسٹی آف تربت کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق مختلف پروفیشنل سرٹیفکیٹ کورسز کی کلاسز کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔ یہ کلاسز یونیورسٹی کے سٹی کیمپس (شعبہ قانون) میں شام 4 بجے سے 6 بجے تک منعقد ہو رہی ہیں۔ وہ امیدوار جو اپنے مطلوبہ کورسز میں داخلہ کنفرم کر چکے ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ باقاعدگی کے ......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ساتھ کلاسز میں اپنی حاضری یقینی بنائیں۔ اعلامیے کے مطابق دیگر خواہشمند امیدواروں کے لیے داخلہ فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 17 اپریل 2026 تک توسیع کر دی گئی ہے۔ ایسے امیدوار فیس چالان یونیورسٹی آف تربت کے مین کیمپس میں قائم ایڈمیشن سیل کے فنانس سیکشن یا سٹی کیمپس (شعبہ قانون) سے حاصل کر کے فیس حبیب بینک لمیٹڈ کی یونیورسٹی برانچ یا مین برانچ تربت میں جمع کرائیں۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق ان پروفیشنل کورسز میں اے آئی آٹومیشن، ڈیٹا بیس ایڈمنسٹریشن، نیٹ ورکنگ پروفیشنل، ویب ڈویلپمنٹ، موبائل ایپلیکیشن ڈویلپمنٹ، گرافک ڈیزائن، کمپیوٹر ہارڈویئر اور ڈپلومہ ان انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت دیگر اہم کورسز شامل ہیں۔ مزید معلومات یا رہنمائی کے لیے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

0852-400561/0324-825087

## چمن، پوست کی کاشت تلف کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا آپریشن جاری

**ٹریکٹرز، ڈرونز سے کیمیکل اسپرے کر کے فصل تباہ کرنے کی کارروائیاں جاری ہیں، حکام**

چمن (خ ن) ضلعی انتظامیہ چمن اور دیگر متعلقہ اداروں کی طرف سے چمن میں پوست کی فصل کیخلاف آپریشن ضلعی انتظامیہ چمن کی نگرانی میں گزشتہ دو ہفتوں سے مسلسل اینٹی نارکوٹکس، پولیس فورس ایف سی اور دیگر متعلقہ محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکاران کی مشترکہ ٹیم چمن کے دور افتادہ پہاڑی و میدانی علاقوں میں افیون/پوست کی بڑے پیمانے پر کاشت کی گئی فصل کو تلف کرنے کیلئے آپریشن کر رہے ہیں افیون کی فصل کی بیخ کنی کیلئے ٹریکٹروں، ڈرونز سے کیمیکل، روایتی پمپوں سے زہریلی اسپرے اور...

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

اہلکاران ملکر فصل تباہ کرنے کی کارروائی کامیابی سے سرانجام دے رہے ہیں اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے ایک اس ذمہدار آفیسر نے کہا کہ مختلف علاقوں میں اب تک سینکڑوں ایکڑ پر پھیلی افیون کی فصل کو تلف کیا جا چکا ہے۔ حکام کے مطابق یہ آپریشن اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ضلع میں افیون کی کاشت کو مکمل طور پر ختم نہیں کر دیا جاتا۔ یہ اقدام منشیات کی روک تھام اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے لیے کیا جا رہا ہے، کیونکہ افیون کی کاشت نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس سے منشیات کے پھیلاؤ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ جو کہ معاشرے اور خاص کر نوجوان طبقے کیلئے ایک ناسور ہے۔

## نئی شرائط کے مطابق گندم کی خریداری کی جائیگی، کموڈٹی مینجمنٹ

**حکومت نے ٹینڈر کمیٹی کیلئے شرائط مقرر کر دی ہیں، نوٹیفکیشن جاری**

کوئٹہ (خ ن) محکمہ کموڈٹی مینجمنٹ کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق یہ صوبائی کابینہ کے 23 فروری 2026 کے اجلاس میں کیے گئے فیصلے کی روشنی میں اور سروسز اینڈ...

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ایس اینڈ جی اے ڈی) کے 26 مارچ 2026 کو مراسلے کے بعد حکومت نے ٹینڈر کمیٹی کے لیے نئی شرائط کار (ٹرمز آف ریفرنس) بھی مقرر کر دی ہیں، جن کے تحت نجی شعبے سے خدمات حاصل کر کے گندم کی خریداری کی جائے گی۔

INTEKHAB QUETTA

## اسسٹنٹ کمشنر پنجگور کا محکمہ ایکسائز و جنگلات کے دفاتر کا دورہ

**افسران و اہلکاروں سے ملاقات، حاضری، کارکردگی اور فرائض کی انجام دہی کا جائزہ**

پنجگور (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ کاشانی کا محکمہ ایکسائز اور محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے ملازمین کے فزیکل ویریفکیشن کے لئے دورہ۔ ضلعی انتظامیہ کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ کاشانی نے ایکسائز ٹیکسیشن و انسداد منشیات اور محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے دفاتر کا تفصیلی دورہ کیا۔ مقصد سرکاری ملازمین کی فزیکل ویریفکیشن کرنا اور عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانا تھا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے دونوں محکموں میں عملے کی حاضری، کارکردگی اور فرائض کی انجام دہی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران و اہلکاروں سے ملاقات کی اور انہیں ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ ادا کریں تاکہ عوام کو بروقت اور معیاری خدمات فراہم کی جا سکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے محکمہ ایکسائز کی کارکردگی

بقیہ نمبر 39 صفحہ 5 پر

کو سراہا اور کہا کہ ادارہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہا ہے، جو کہ دیگر محکموں کے لیے بھی ایک مثبت مثال ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ایسے دورے جاری رہیں گے۔ ایک روز قبل ڈپٹی کمشنر پنجگور نے محکمہ ماہی گیری کے دفاتر کا بھی دورہ کیا تھا۔

## خضدار میں چار روزہ انسداد پولیو مہم، ڈپٹی کمشنر نے افتتاح کیا

**ایک لاکھ 71 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائینگے، 542 ٹیمیں تشکیل دیدیں، عبدالرزاق**

خضدار (خ ن) خضدار میں چار روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ ایجوکیشن افسر عابد حسین بلوچ، کمیونیکیشن افسر رحیم بنگ، ڈسٹرکٹ سپورٹ اسٹاف افسر ڈاکٹر فرمان اللہ، محکمہ صحت کے افسران، لیڈی ہیلتھ ورکرز سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ تقریب میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے اور مہم کا باضابطہ آغاز کیا گیا۔ ضلع خضدار میں پانچ سال سے کم عمر کے ایک لاکھ 71 ہزار 820 بچوں کو پولیو سے بچاؤ

بقیہ نمبر 35 صفحہ 5 پر

کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مقصد کے لئے 542 ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر اپنی خدمات سرانجام دیں گی۔ مہم کے افتتاح پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں پولیو کا خاتمہ قومی فریضہ ہے اور اس میں عوام کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ہر صورت پلائے جائیں تاکہ کوئی بھی بچہ اس موذی مرض سے عمر بھر کیلئے اپاہج ہونے سے محفوظ رہیں۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران کسی بھی بچے کو نظر انداز نہ کیا جائے اور دور دراز و دشوار گزار علاقوں میں بھی ٹیمیں پوری طرح سے اپنی ذمہ داری کے ساتھ خدمات انجام دیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 2

Dated: 15 APR 2026 Page No. 8


## حکومت بلوچستان نے کرایہ داروں کی رجسٹریشن کو لازمی قرار دے دیا

### قومی شناختی کارڈ کے بغیر کسی کو کرایہ پر رہائش فراہم نہیں کی جاسکے گی، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت بلوچستان نے کرایہ داروں کی رجسٹریشن کو لازمی قرار دے دیا بغیر قومی شناختی کارڈ کے کسی کو بھی کرایہ پر رہائش فراہم نہیں کی جا سکے گی۔ معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال کو مزید موثر بنانے کے لیے کرایہ داروں کی رجسٹریشن کو لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ بغیر قومی شناختی کارڈ کے کسی بھی فرد کو کرایہ پر رہائش فراہم نہیں کی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ Balochistan Restriction of Rented Buildings (Security) Act کے تحت تمام مکان مالکان پر لازم ہے کہ وہ اپنے کرایہ داروں کا قومی شناختی کارڈ چیک کریں اور قریبی تھانے میں ان کی باقاعدہ رجسٹریشن کروائیں۔ 24 گھنٹے سے زائد قیام کرنے والے مہمانوں کے حوالے سے بھی متعلقہ تھانے کو تحریری اطلاع دینا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہاسٹلز، ہوٹلز اور دیگر کرایہ پر دی جانے والی رہائش گاہوں کے منتظمین مکمل ریکارڈ رکھنے کے پابند ہوں گے تاکہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری نشاندہی ممکن ہو سکے۔

## کوئٹہ: کرایہ داری ایکٹ کے تحت دو درجن سے زائد مالک مکان، سیکڑوں افغان مہاجرین گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ، پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر دو درجن سے زائد مالک مکان، سیکڑوں افغان شہریوں کو گرفتار کرلیا، پولیس کے مطابق ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے منگل کے روز کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر کارروائی کرتے ہوئے دو درجن سے زائد مالک مکان جنہوں نے غیر ملکی افغان مہاجرین کو مکان کرائے پر دیئے ہوئے تھے ان کو گرفتار کر کے غیر قانونی مقیم سیکڑوں افغان مہاجرین کو حراست میں لے کر ڈی سی آفس منتقل کیا، پولیس کے مطابق گرفتار افراد کیخلاف کرایہ داری ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔


Century Express Quetta


## وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور کی عدم حاضری پر ہائیکورٹ کی برہمی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ کا وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند کی سماعت میں عدم حاضری پر برہمی کا اظہار، آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم، بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کامران ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل بنچ نے وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند کی تقرری کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس کامران ملاخیل نے (باقی صفحہ 5 نمبر 42)

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 3

Dated: 15 APR 2026

Page No 20


## اسکولوں میں درسی کتب کی عدم فراہمی تعلیم دشمنی پر مبنی ہے

مولانا ہدایت الرحمن

صوبے میں تعلیمی ادارے نہیں لیکن شراب خانے بنا کر نوجوانوں کو تباہی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے' صوبائی امیر جماعت اسلامی

بلوچستان کے عوام کو تعلیم، علاج، سہولیات، ترقی امن اور خوشحالی سے دور کرنے والے ہمارے دشمن ہیں

پہاڑوں پر جانے کیلئے راہ ہموار جبکہ جمہوری و پرامن جدوجہد کرنے پر قدغن ہے' ایم پی اے کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود بچوں کو سرکاری سکول میں درسی کتب کی عدم فراہمی تعلیم دشمنی و بدمنوانی اور نااہلی ملوث ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے وزراء وبیوروکریسی کے بچے سرکاری تعلیمی اداروں میں پڑھتے تو حالات خود بخود ٹھیک ہو جاتے شراب خانے بنا کر ہمارے نوجوان نسل .........

بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کو تباہ کیا جا رہا ہے گوادر میں شراب خانے بند کیے جائے نہیں تو خود توڑ دیں گے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو تعلیم، علاج، سہولیات، ترقی اور امن و خوشحالی سے دور کرنے والے ہمارے دشمن ہیں سرکاری سطح پر روزگار پڑھے لکھے اہل غریب نوجوانوں کی پہنچ سے دور ہے بلوچستان میں معیاری تعلیم، بہترین علاج، تجارت اور امن و امان یہاں کے عوام کا حق ہے مگر وفاق کے طاقتور طبقات بلوچستان کے عوام کو ہر خوشحالی ترقی، جمہوری مزاحمت سے دور کر رہے ہیں پہاڑوں پر جانے کی راہ ہموار جبکہ تعلیم، ترقی، امن سمیت جمہوری، پرامن جدوجہد کے راستے میں رکاوٹیں ہیں حکومت و اداروں کے خیال میں بلوچستان میں پہاڑوں پر جانے والے تو بالکل غدار و ملک دشمن اور پرامن جمہوری جدوجہد والے بھی ٹھیک نہیں وہی ٹھیک ہیں جو طاقتور طبقات کی جی حضوری لیس بوس کرتے ہیں جماعت اسلامی ہی بلوچستان کے مسائل کا حل ہے عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں تاکہ ایک پرامن ترقی یافتہ بہترین بلوچستان کی راہ ہموار ہو جائے۔

## خضدار میں غریب عوام کی زمینوں پر قبضہ برداشت نہیں، یونس عزیز زہری

حکومتی رٹ ختم' لینڈ مافیا کو کھلی چھوٹ دے کر عوام کی جائیدادیں لوٹنے کی اجازت دی جا رہی ہے' اپوزیشن لیڈر

صوبائی حکومت لینڈ مافیا کے سامنے مکمل بے بس اور بے اختیار نظر آ رہی ہے' رہنما جمعیت علماء اسلام

خضدار (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری اور بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے خضدار میں لینڈ مافیا کے بڑھتے ہوئے طاقتور ہاتھ اور غریب عوام کی اراضی پر غیر قانونی قبضوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صورتحال اب ناقابل برداشت حد تک پہنچ چکی ہے انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ موجودہ حکومت کی رٹ بالکل ختم ہو چکی ہے۔ لینڈ مافیا کو کھلی چھوٹ دے کر عوام کی جائیداد لوٹنے کی اجازت دی جا رہی ہے حکومت کی خاموشی اور بے حسی انتہائی شرمناک ہے غریب عوام .........

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

جو اپنا خون پسینہ بہا کر چھوٹی سی زمین کا ٹکڑا لینے میں کامیاب ہوتا ہے وہ ان کی واحد جائیداد اور مستقبل کی امید ہوتی ہے، مگر اسے بھی غاصبانہ انداز میں چھیننے کی کوشش کی جا رہی ہے میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ یہ صرف اراضی کا مسئلہ نہیں بلکہ غریبوں کے وجود اور ان کی عزت نفس کا مسئلہ بن چکا ہے۔ حکومت کا بنیادی فرض عوام کی جان و مال کا تحفظ کرنا ہے، مگر بدقسمتی سے یہ سرکار لینڈ مافیا کے سامنے مکمل طور پر بے بس اور بے اختیار نظر آ رہی ہے انہوں نے الزام لگایا کہ یہ منظم لوٹ مار کا سلسلہ ہے۔ اگر حکومت چاہے تو چند دنوں میں مافیا کے نیٹ ورک کو توڑ سکتی ہے، لیکن افسوس کہ حکومت خود مافیا کی سرپرستی کر رہی ہے عوام کی فریاد کا حکومت کو کوئی احساس تک نہیں ہے اپوزیشن لیڈر نے حکومت سے فوری مطالبہ کیا کہ خضدار میں لینڈ مافیا کے خلاف خصوصی اور موثر تحقیقاتی کمیٹی فوری طور پر تشکیل دی جائے۔ تمام متاثرین کو ان کی چھینی گئی اراضی واپس اور لینڈ مافیا کے اثر و رسوخ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے لینڈ مافیا کے خلاف سخت اقدامات نہ اٹھائے گئے تو حکومت کو عوام کے غیض و غضب کا سامنا کرنا پڑیگا۔

## شہید منظور بلوچ لائبریری میں توڑ پھوڑ تعلیم دشمن اقدام ہے' بی این پی

لائبریری میں چوری کرنے والوں کو منظر عام پر لایا جائے' بیان

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں شہید چیئرمین منظور بلوچ پبلک لائبریری مستونگ میں توڑ پھوڑ اور چوری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سابق ایم پی اے احمد نواز بلوچ کے فنڈ سے تعمیر لائبریری میں توڑ پھوڑ، چوری مستونگ کی تاریخ، روایات پر حملہ و تعلیم دشمن اقدام ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں ہے بیان میں کہا گیا ہے لائبریری واقعہ کو گزشتہ دو سالوں سے تعلیم دشمن اقدامات کا تسلسل قرار دیا جائے تو بے جا نہ ہوگا کیونکہ موجودہ دور حکومت میں بلوچستان میں جہاں ہر طبقہ فکر متاثر اور ذہنی کوفت .........

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

سے دوچار ہے وہیں نوجوانوں کو بھی تعلیم کے حصول سے روکنے کیلئے جو تعلیم کش اقدامات کیے گئے وہ بھی عوام کے سامنے ہے بیان میں کہا گیا کہ مستونگ جیسے شہر جسے سیاست، صحافت، تعلیم کا گڑھ سمجھا جاتا تھا وہاں پر پبلک لائبریری میں توڑ پھوڑ اور ملزمان کا آسانی سے فرار ہو جانا بہت سے سوالات کو جنم دیتا ہے بیان میں کہا گیا کہ فوری طور پر لائبریری میں توڑ پھوڑ اور چوری کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچاتے ہوئے انہیں منظر عام پر لایا جائے اور انتظامیہ کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اقدامات کرتے ہوئے تعلیمی اداروں کی سیکورٹی یقینی بنائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 3

Dated: 15 APR 2026 Page No. 21

# عوام کی زمینوں پر نشان لگا کر قبضہ کیا جا رہا ہے، پشتونخوامیپ

## کوئٹہ کی یہ زمینیں بازئی و یاسین زئی قبائل کی جدی پشتی ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں قبائل عوام کی جدی پشتی زمینوں پر قبضہ گیری کے منصوبے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے سرہ غوڑگی، ہنہ، سرہ خولہ، بلی رانہ، کلی ملک ھیک، غرگ، نوحصار کے علاقوں میں مختلف سرکاری وغیر سرکاری اداروں و اشخاص کی جانب سے ہزاروں ایکڑ زمین پر محدود (Restricted) کا نشان لگا کر زمینوں کو قبضہ کیا ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

جا رہا ہے اور اسے سرکاری زمین قرار دینے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے۔ حالانکہ مذکورہ زمین بازئی، یاسین زئی قبائل کی جدی پشتی انتقال نمبرز اور شاملات بلا بٹوارہ ہیں جس کا تمام تر ریکارڈ محکمہ ریونیو کے پاس مذکورہ قبائل کے نام سے موجود ہیں بیان میں کہا گیا ہے کہ ریونیو ریکارڈ کو نظر انداز کر کے اس میں ردوبدل کرنا اور اپنی مرضی ومنشاء کے مطابق زمینوں پر نشانات الاٹ کرنا دراصل عوام کے زمینوں پر قبضہ کرنا اور امن وامان کو خراب کرنے کی سوچی سمجھی سازش ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام کی زمینوں پر کسی کی بھی قبضہ گری کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور عوام کی تائید وحمایت سے ہر ادارے اور بااثر اشخاص کے خلاف احتجاج اور سوشل میڈیا پر انہیں بے نقاب کیا جائے گا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 15 APR 2026 Page No. 22

# کوئٹہ فائرنگ کے مختلف واقعات میں 4 افراد ہلاک 2 زخمی ہوگئے

عدالت سے واپسی پر گاڑی پر فیض آباد کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی، ہارون، غفار اور نصیب اللہ دم توڑ گئے

مقتول ہارون کا والد میر جمیل ساتھی سمیت زخمی، قمبرانی روڈ پر مسلح افراد کی فائرنگ سے خدا بخش نامی شخص جان کی بازی ہار گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سریاب کے علاقے فیض آباد میں نامعلوم ملزمان نے گاڑی پر فائرنگ کرکے 3 افراد کو قتل اور 2 کو زخمی کردیا۔ فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کو ہسپتال منتقل کردیا۔ پولیس کے مطابق منگل کی صبح سریاب عدالت سے واپس جانے والی گاڑی پر سریاب روڈ پر فیض آباد کے قریب نامعلوم ملزمان نے اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں محمد ہارون، غفار اور نصیب اللہ موقع پر جاں بحق جبکہ مقتول ہارون کا والد میر جمیل اور اس کا ساتھی عبدالخالق شدید زخمی ہوگئے۔ فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ملزمان واقعہ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی نفری موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی فائرنگ کا واقعہ دیرینہ رنجش کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے پولیس نے مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی

# کوئٹہ ہسپتال سے قیدی فرار، سب انسپکٹر سمیت 5 اہلکار معطل

ملزم تاج محمد قتل کے کیس میں لورالائی جیل میں قید تھا، علاج کی غرض سے بی ایم سی ہسپتال کوئٹہ لایا گیا، موقع پاکر فرار ہوگیا

ڈی آئی جی لورالائی رینج نے ایس پی کی سربراہی میں انکوائری ٹیم تشکیل دے دی، پولیس کی گرفتاری کیلئے چھاپے شروع

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں بی ایم سی ہسپتال میں زیر علاج قتل کا قیدی پولیس کو چکمہ دے کر فرار ہوگیا، جس کے نتیجے میں سیکیورٹی پر مامور پانچ اہلکاروں کو معطل کردیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق پٹواری تاج محمد، جو قتل کے مقدمے میں لورالائی جیل میں قید تھا، کو علاج کی غرض سے کوئٹہ منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ ہسپتال سے فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ حکام نے فرائض میں غفلت برتنے پر سیکیورٹی انچارج سب انسپکٹر منظور احمد سمیت پانچ اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کردیا ہے اور ان کے خلاف بروری تھانہ میں مقدمہ درج کرلیا گیا ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ہے۔ ڈی آئی جی لورالائی نے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ایس پی کی سربراہی میں ایک انکوائری ٹیم تشکیل دے دی ہے جو معاملے کی تحقیقات کرے گی۔ پولیس نے فرار قیدی تاج محمد کے خلاف بھی مقدمہ درج کرکے اس کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنا شروع کردیے ہیں۔

## نوشکی: نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے خاتون زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نوشکی میں نامعلوم ملزمان کی گاڑی پر فائرنگ سے ایک خاتون زخمی ہوگئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نوشکی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک خاتون زخمی ہوگئی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

## لورالائی پولیس کی کارروائی، 5 کلو چرس برآمد، 3 ملزمان گرفتار

لورالائی (ر ن) لورالائی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بڑی کامیابی حاصل کرلی۔ ایس ایچ او انسپکٹر ہمایوں نے نفری کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے 5 کلوگرام چرس برآمد کرلی جبکہ دو ملزمان کو موقع پر گرفتار، پولیس کے مطابق ملزمان سے برآمد ہونے والی چرس قبضے میں لے کر مزید قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا، ایس ایچ او ہمایوں کا کہنا ہے کہ علاقے میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور سے بچانے کے لئے پولیس ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔۔۔

## اوستہ محمد پولیس و 15 مددگار فورس کی کارروائی، 2 ڈاکو گرفتار، اسلحہ و موٹر سائیکل برآمد

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد سٹی پولیس اور 15 ایگل مددگار فورس کی کامیاب کارروائی فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ڈاکو گرفتار دو ڈاکو فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب اسلحہ و موٹر سائیکل برآمد اوستا محمد پولیس کی کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او سٹی محمد ندیم ببرانی اور انچارج ون فائیو اوستا محمد کرم حسین ببر کے ہمراہ موج واہ کے قریب گشت کررہے تھے موٹر سائیکل سوار نامعلوم ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی فائرنگ سے پولیس افسران و اہلکار محفوظ رہے

# سوراب میں رمضان راشن پیکیج میں مبینہ کروڑوں روپے کی بدعنوانی

**راشن منظور نظر افراد میں تقسیم اور بازار میں فروخت کر دیا گیا، عوامی حلقوں کا تحقیقات کا مطالبہ**

شہید سکندر آباد (این این آئی) رمضان راشن پیکیج میں مبینہ کروڑوں روپے کی بدعنوانی، تحقیقات میں مسلسل تاخیر، عوامی حلقوں کی تشویش میں اضافہ۔ تفصیلات کے مطابق ضلع شہید سکندر آباد سوراب میں رمضان راشن پیکیج کے تحت بڑے پیمانے پر بدعنوانی، بدانتظامی اور مستحقین کی حق تلفی، افسوسناک امر یہ ہے کہ معاملے کی سنگینی کے باوجود تاحال کوئی مؤثر اور شفاف تحقیقات عمل میں نہ لائی جا سکی، جس کے باعث سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں میں بے چینی اور تشویش میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے رمضان المبارک کے مہینے میں غریب، نادار اور مستحق خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے جاری کیے گئے ہزاروں راشن پیکٹس اپنی اصل منزل تک پہنچنے کے بجائے مبینہ طور پر منظم انداز میں خورد برد کا شکار ہو گئے۔ اطلاعات ہیں کہ راشن کی تقسیم کے عمل میں شفافیت کو مکمل طور پر نظرانداز کرتے ہوئے بااثر شخصیات، مخصوص گروہوں اور سرکاری اہلکاروں کے قریبی حلقوں کو نوازا گیا، جبکہ حقیقی مستحقین کو نظرانداز کر کے انہیں خالی ہاتھ واپس بھیج دیا گیا۔ ذرائع کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ ریکارڈ کی خانہ پری کے لیے جعلی اور فرضی فہرستیں تیار کی گئیں، جن میں ایسے افراد کے نام شامل کیے گئے جنہیں حقیقت میں کوئی راشن فراہم نہیں کیا گیا۔ اس کے برعکس، امدادی سامان کی بڑی مقدار مبینہ طور پر خفیہ راستوں سے مقامی مارکیٹوں میں فروخت کر دی گئی، جہاں یہ اشیاء عام نرخوں پر دستیاب رہیں، جو نہ صرف بدعنوانی بلکہ مستحقین کے حقوق پر ڈاکہ ہے۔ سیاسی و سماجی رہنماؤں، کارکنان اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے اس صورتحال پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے معاملے کی شفاف تحقیقات اور ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

# پنجگور میں برقی بحران سنگین، طویل لوڈشیڈنگ، نیشنل گرڈ سے فراہمی کا مطالبہ

**موسم گرما کے آغاز کیساتھ ہی کئی گھنٹے بجلی کی بندش معمول بن گئی، معمولات زندگی درہم برہم، وولٹیج نہ ہونے کے برابر**

پنجگور (نمائندہ انتخاب) پنجگور میں گرمی کا موسم شروع ہوتے ہی بجلی کی لوڈشیڈنگ میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ پنجگور سمیت مکران کو ایران سے بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ پنجگور جو کہ اس ٹرانسمیشن لائن کا آخری اسٹیشن ہے ایران سے سپلائی کرنے والے بجلی کا وولٹیج کم ہے جبکہ مکران میں سب سے زیادہ بجلی کی لوڈشیڈنگ ڈسٹرکٹ پنجگور میں کی جا رہی ہے دن رات سات گھنٹے بجلی فراہم کی جاتی ہے رات 11 بجے کے بعد پوری رات بجلی غائب رہتا

بقیہ نمبر 78 صفحہ 5 پر

ہے جس کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے شہریوں نے منتخب اراکان پارلیمنٹ سے اپیل کی ہے کہ پنجگور میں بجلی کے نظام میں بہتری کے لیے اقدامات کیے جائیں واضح رہے چند سال قبل جب مکران کے علاقے میں ایران سے آنے والے مین سپلائی لائن کے چند ٹاور گر گئے تھے تو پنجگور سمیت مکران کو اس دوران نیشنل گرڈ سے منسلک کر دیا گیا تھا تو نہ صرف بجلی کے لوڈشیڈنگ میں کمی آ گئی تھی بلکہ وولٹیج بھی نہ ہونے کے برابر تھا شہریوں نے اپیل کی ہے کہ پنجگور کو نیشنل گرڈ سے بجلی کی فراہمی شروع کی جائے کیونکہ تربت کے بعض افسر پنجگور میں جان بوجھ کر زیادہ لوڈشیڈنگ کر رہے ہیں جبکہ پوری رات بجلی غائب کر دیا جاتا ہے۔

# علاقائی اخبارات کو شدید معاشی دباؤ کا سامنا ہے، سی پی این ای

**سیکریٹری اطلاعات کے پی کے سے سی پی این ای کے اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات، اخبارات کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال**

پشاور (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز خیبر پختونخوا کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے سیکرٹری اطلاعات حکومت خیبر پختونخوا مطیع اللہ خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جہاں علاقائی اخبارات کو درپیش اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بالخصوص سرکاری اشتہارات کی ادائیگی کے نظام کو مؤثر، شفاف اور بروقت بنانے اور طویل عرصے سے زیر التواء بقایا جات کی ادائیگی کے طریقہ کار پر خصوصی توجہ دی گئی۔ وفد نے اس امر پر زور دیا کہ علاقائی اخبارات اس وقت شدید مالی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں، جس کی بنیادی وجہ واجبات کی بروقت ادائیگی نہ ہونا ہے۔ اس ضمن میں وفد نے مطالبہ کیا کہ بقایا جات کی ادائیگی کا عمل مکمل شفافیت کے ساتھ میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنایا جائے، تاکہ ہر اخبار کو اس کے حقیقی واجبات کے مطابق ادائیگی ممکن ہو اور کسی بھی قسم کے ابہام یا شکایت کی گنجائش باقی نہ رہے۔ سیکرٹری اطلاعات مطیع اللہ خان نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت ادائیگیوں کے عمل کو مکمل طور پر شفاف بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہر اخبار کو اس کے واجبات کے مطابق ادائیگی کی جائے گی، تاہم یہ عمل مرحلہ وار مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں 40 کروڑ روپے جاری کیے جائیں گے، جبکہ دوسرے اور آخری مرحلے میں تمام بقایا جات کی مکمل ادائیگی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے علاقائی اخبارات کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اخبارات نہ صرف عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ صوبے میں معلومات کی ترسیل کا ایک مؤثر ذریعہ بھی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت خیبر پختونخوا صحافتی برادری اور اخباری اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔

# چاغی، حجام اور حمام مالکان عوام کو لوٹنے لگے، انتظامیہ خاموش

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر میں حجام اور حمام مالکان عوام کو لوٹنے میں مصروف عمل ہے حجام کے دکانوں میں صفائی کا فقدان انتظامیہ نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق چاغی شہر میں حمام مالکان اور حجام بال بنانے پر 300 روپے اور داڑھی بنانے کا بھی 300 روپے لے رہے ہیں حمام مالکان غسل کرنے کا 200 سے 250 روپے تک لیں رہے ہیں ڈیزائن داڑھی کا اپنے مرضی سے رقم لے رہے ہے داڑھی شیو کے دوران ڈیٹول استعمال نہیں کئے جا رہے ہے اور ایک بلیڈ پر کئی لوگوں کے داڑھی شیو کر رہے ہیں صفائی کا فقدان ہے جس سے مختلف قسم کے بیماریاں پھیل جاتے ہیں جو کہ سراسر ظلم کے مترادف ہے۔ عوامی حلقوں نے چاغی انتظامیہ سے اپیل کی ہیں کہ چاغی کے حمام مالکان اور حجام کو سابقہ ریٹ کا اور صفائی کا پابند بنایا جائے

CamScanner

## روٹی، مکان، دیا جائے، تنگ دست خاتون کی پی پی حکومت سے اپیل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ملی منگولی کی رہائشی خاتون روبینہ حامد نے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے اپیل کی ہے کہ میرا شوہر بیمار اور روزگار کا کوئی ذریعہ نہیں، میرے شوہر کو روزگار یا سرکاری نوکری فراہم کی جائے اور رہنے کے لئے سرکاری گھر دیا جائے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں اپنے کمسن بچے کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ میرا شوہر بے روزگار ہے جس کی وجہ سے اپنے بچوں کو نہ تو تعلیم دے پا رہی ہوں اور نہ ہی اپنے بچوں کی ٹھیک سے کفالت کر رہی ہوں شوہر دل کے مرض میں بھی مبتلا ہے ان کا علاج بھی نہیں کرا سکتے مالک مکان گزشتہ تین ماہ کا کرایہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے تنگ کر رہا ہے انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ سرکاری نوکری اور رہنے کے لئے ایک مکان دیا جائے۔

## صوبائی دارالحکومت میں گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ

### گھریلو زندگی بری طرح متاثر، کاروباری سرگرمیاں بھی مفلوج ہو کر رہ گئی ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں اور شہریوں میں غم و غصہ تیزی سے بڑھ رہا ہے گھریلو زندگی بری طرح متاثر ہو چکی ہے جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی مفلوج ہو کر رہ گئی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے معمولات زندگی درہم برہم کر دیے ہیں۔ گھروں میں بنیادی ضروریات پوری کرنا مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں کے مطابق موجودہ صورتحال ناقابل برداشت ہو چکی ہے، جس کے باعث عوام سراپا احتجاج بن گئی ہے اور مختلف علاقوں میں شدید ردعمل سامنے آ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے بارہا دعووں کے باوجود توانائی کے بحران پر قابو نہیں پایا جا سکا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری اور موثر اقدامات کرتے ہوئے گیس اور بجلی کی

## صوبائی دارالحکومت کی مختلف دکانوں میں ناپ تول میں کمی

### ہیر پھیر کا نوٹس لیکر ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کی مختلف دکانوں میں خوردنی اشیا کی کم مقدار میں پیکنگ کا سلسلہ بدستور جاری خریداروں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جانے لگا بروئے رپورٹ کے مطابق مختلف علاقوں میں قائم دکانوں میں 20 کلو آٹے کے تھیلے میں 18 سے 19 کلو اسی طرح دالوں، چینی، آئل، گھی، مصالحہ جات کی پیکنگ میں بھی ناپ تول میں کمی کی جا رہی ہے اور روزانہ بھاری رقم بٹوری جا رہی ہے جبکہ اکثر دکاندار وزن کیلئے استعمال ہونے والے باٹ میں بھی ہیرا پھیری کر رہے ہیں یہی صورتحال بعض دیگر فروخت کرنے والے دکانداروں اور ریڑھیوں کی ہے اکثر ریڑھی بان وزن کیلئے پتھروں کا استعمال کرتے ہیں اور ہیرا پھیری کے ذریعے شہریوں کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں اسی طرح اکثر پمپس میں بھی مطلوبہ مقدار سے کم پٹرول و ڈیزل فراہم کیا جاتا ہے میٹر کی رفتار تیز کر دی جاتی ہے یا کئی پوائنٹ کم پٹرول بھرا جاتا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ناپ تول میں کمی اور پٹرول پمپس کے میٹرز میں ہیر پھیر کا نوٹس لیکر ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں سٹریٹ لائٹس ناکارہ، سیوریج نظام بند، شہر تاریک و متعفن

### کوئٹہ شہر کے طول عرض میں اکثر شاہراہوں اور گلیوں میں سٹریٹ لائٹس یا تو نہیں ہیں یا ناکارہ ہیں شام ہوتے ہی شہر تاریکی میں ڈوب جاتا ہے

### گلیوں محلوں میں سٹریٹ لائٹس نہ ہونے کی وجہ سے شام ہوتے ہی شہری چوروں کے ہاتھوں لٹتے ہیں، مشرق سروے میں شہریوں کا اظہار خیال

### شہر میں سیوریج اور نکاسی آب کا ناکافی و ناکارہ نظام مستقل عذاب ہے، ہمہ وقت گلیوں اور سڑکوں پر گندا پانی بہہ رہا ہوتا ہے، بیماریاں اور تعفن پھیلتے ہیں

کوئٹہ (ابریار پورٹر) کوئٹہ شہر میں سٹریٹ لائٹس اور سیوریج نظام کی یکسر عدم بحالی کی وجہ سے شہری پریشان، بلدیاتی انتخابات اور بلدیاتی اداروں کو دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا کرنے اور عوامی خدمات کو اسی ادارہ سے لینے کی اشد ضرورت ہے، صفائی کے نام پر کوئٹہ شہر میں خطیر رقوم لیئے جاتے ہیں لیکن یہی رقوم اگر میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی ملکیت ہوتی تو آج کوئٹہ شہر روشنیوں کا شہر ہوتا، مشرق سروے ٹیم سے متعدد شہریوں نے بات کرتے جن میں سرفہرست سردار احمد نورزئی، زین العابدین بڑیچ، گل بی سرپرہ، امین اللہ کاکڑ، سالار خان ودیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ شہر میں بلدیاتی اداروں کی غیر فعالیت اور فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کی اشد ضرورت ہے ہم صرف سرکی کلاں یا جان محمد روڈ کی بات نہیں کر سکتے اس وقت جہاں جہاں ہمارے رشتے اور شناخت ہے وہاں پر سیوریج نظام درہم برہم، صفائی کا کچھ خاص اقدامات نہیں ہے، عید الاضحی قریب ہے اگر جانوروں کی آلائشیں شہریوں نے اپنے گھروں کے باہر پھینکنا شروع کر دیا تو اس سے بڑے پیمانے پر بدبو اور مچھر پیدا ہونگے بلکہ اسی آلائشیوں سے خطرناک قسم کے کیڑے مکوڑے پیدا ہونگے جو ہماری گھروں کا رخ کر سکتے ہیں لہٰذا ہمارا مطالبہ ہے کہ گھر گھر اور نود صفائی مہم کا فوری آغاز کیا جائے تاکہ شہری متوقع مسائل کا سامنا کرنے سے بچ سکے اور شہریوں نے مزید کہا کہ فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائی جائے تاکہ گلی کوچوں کے جو مسائل کے انبار ہیں ان کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

Century Express Quetta

## کوچز و دیگر اسامیوں کے ٹیسٹ ملتوی کرنے کا مطالبہ

### منظور نظر افراد کو نوازنے کی کوشش کی جا رہی ہے، کھیلوں کی تنظیموں کے عہدیدار

کوئٹہ (پ ر) مختلف کھیلوں کی تنظیموں کے عہدیداروں اور کھلاڑیوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے محکمہ کھیل بلوچستان کے زیر اہتمام ایوب سٹیڈیم کوئٹہ میں کوچز اور دیگر آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے ہونے والے ٹیسٹ کو ملتوی کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوچز کی آسامیوں پر ٹیسٹ و انٹرویو کیلئے امیدواروں کو بذریعہ سرکاری ڈاک کال نوٹس ارسال نہیں کیا گیا صرف اخبار میں اشتہار دے کر امیدواروں کو ٹیسٹ کے لیے طلب کیا گیا ہے جو قانوناً غلط اور منظور نظر افراد کو نوازنے اور اہل امیدواروں کو ٹیسٹ سے دور رکھنے کی سازش ہے، بلوچستان کے تمام کھیلوں کی تنظیموں کے بہترین کھلاڑیوں کو بذریعہ سرکاری ڈاک اطلاع دی جائے کہ وہ ٹیسٹ میں شرکت کریں بصورت دیگر بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں نوجوان کھلاڑیوں کے لیے بذریعہ اخبار اطلاع غیر قانونی ہے چونکہ دور دراز علاقوں میں موجودہ حالات کی بدولت نیٹ اور موبائل فون کی سہولت میسر نہیں ہے اور صرف اخبار کے نوٹس کے ذریعے آگاہی تمام اہل کھلاڑیوں کو اس بھرتی ہونے والے امتحان کے ٹیسٹ میں شامل نہ کرنے کی مذموم سازش ہے لہٰذا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف جسٹس بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان اس نام نہاد ہونے والے غیر قانونی ٹیسٹ کا فوری نوٹس لے کر کل ایوب سٹیڈیم میں ہونے والے کھیلوں کے کوچز کے ٹیسٹ کو فوراً منسوخ کیا جائے اور کوچز کے بھرتی ہونے کے لیے کاغذات جمع کرنے والوں کو بذریعہ سرکاری ڈاک اطلاع دی جائے اور تمام اہل امیدواروں کو محکمہ کھیل بلوچستان کے کوچز کے امتحان میں شرکت کرنے کا بلاتفریق موقع فراہم کیا جائے اور انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔

## انسداد پولیو مہم کا آغاز!

ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی انسداد پولیو مہم کا آغاز ہو گیا ہے صوبے میں اس مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر کے 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلوائے جائیں گے۔ کوارڈینیٹر ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے مطابق مہم کو موثر انداز میں چلانے اور صوبے بھر میں ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ مہم کے دوران بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے ساتھ وٹامن اے بھی دیا جائے گا۔ تاکہ ان کی قوت مدافعت بہتر ہو اور وہ دیگر بیماریوں سے بھی محفوظ رہیں۔ اس مہم کے لیے 11 ہزار سے زائد ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں جن میں 2 8 8 فکسڈ اور 5 7 4 ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں یہ ٹیمیں شہروں، دور دراز اور مشکل علاقوں کے ساتھ ساتھ اہم گزرگاہوں پر بھی کام کریں گی تاکہ سفر کے دوران موجود بچوں کو بھی ویکسین دی جا سکے۔ خاص طور پر زیادہ خطرے والے علاقوں میں اگرچہ رواں سال بلوچستان میں پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا تاہم ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی موجودگی سامنے آرہی ہے جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ خطرہ ابھی ختم نہیں ہوا۔ ملک بھر میں 2026ء کے دوران اب تک پولیو کا ایک کیس رپورٹ ہوا ہے جو سجاول (سندھ) میں ایک بچے میں سامنے آیا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی ایک بار پھر انسداد پولیو مہم کا آغاز ہونا قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ اس جیسی مہم ضروری ہے اس مہم میں 26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے اور وٹامن اے بھی دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے جو اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ متعلقہ ادارے بلوچستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ اس بات کا ذکر یہاں کرنا از حد ضروری ہے کہ صوبے میں اب تک پولیو ٹیموں پر حملے بھی ہوئے ہیں جن میں پولیو اور سیکیورٹی اہلکار جاں بحق بھی ہوئے ہیں لیکن اس کے باوجود ہمیشہ نئی انسداد پولیو مہم کو مزید جوش و جذبے کے ساتھ شروع کیا جاتا ہے تاکہ اس خطرناک مرض کا مکمل خاتمہ ممکن ہو سکے کیونکہ اس سے بچے زندگی بھر کے لیے معذور ہو جاتے ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ انسداد پولیو مہم کو تمام سٹیک ہولڈرز کو پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں گو کہ صوبے میں کوئی نیا کیس رپورٹ نہیں ہوا لیکن ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی موجودگی خطرے سے کم نہیں ہے اس کے خلاف اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں سب سے اہم سٹیک ہولڈرز ایسے والدین ہیں جو بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری ہیں اس لیے ان کو آمادہ کرنا چاہیے جو انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے ناگزیر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 APR 2026 Page No. 26

# وسائل پر مقامی حق یقینی بنانے کیلئے مشترکہ کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی دانشمند قیادت کے فیصلوں سے ملک کو نہ جنگ کے اثرات سے محفوظ رکھا بلکہ آج دنیا عالمی امن کے لیے پاکستان پر اعتماد کا اظہار کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان نے ایران امریکہ جنگ کے دوران اور مذاکرات میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا ہے پاکستان کی عالمی سطح پر جو پذیرائی ہوئی ہے اس کا سہرا وزیراعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت کو جاتا ہے۔ بین

الاقوامی سطح پر، ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کے دوران پاکستان کا کردار ایک ذمہ دار ثالث کے طور پر سامنے آیا ہے۔ وزیراعلیٰ کا یہ کہنا کہ پاکستان دانشمند قیادت کی بدولت جنگ کے اثرات سے محفوظ رہا، کسی حد تک درست بھی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت، خصوصاً سید عاصم منیر، کی حکمت عملی نے پاکستان کو ایک ممکنہ علاقائی بحران کے براہ راست اثرات سے بچانے میں مدد دی۔ اس سفارتی کامیابی نے عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ کو بہتر بنایا، اور یہی وجہ ہے کہ مختلف ممالک پاکستان کے کردار کو سراہ رہے ہیں۔ تاہم، اداریاتی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو صرف عالمی سطح پر پذیرائی کافی نہیں، بلکہ اندرونی معاملات میں بھی اسی سنجیدگی اور شفافیت کی ضرورت ہے۔ مسلم باغ میں کرومائٹ کی متنازع الاٹمنٹ کا معاملہ اس کی واضح مثال ہے۔ قدرتی وسائل کی تقسیم ہمیشہ بلوچستان جیسے وسائل سے مالا مال مگر ترقی سے محروم صوبے میں ایک حساس مسئلہ رہا ہے۔ جب کسی غیر مقامی فرد کو وسائل کی الاٹمنٹ دی جاتی ہے تو اس سے مقامی آبادی میں احساسِ محرومی بڑھتا ہے، جو پہلے ہی مختلف وجوہات کی بنا پر موجود ہے۔ یہ مثبت بات ہے کہ عوامی ردعمل اور قبائلی دباؤ کے بعد حکومت نے اس الاٹمنٹ کو معطل کیا اور معاملے کی شفاف تحقیقات کا عندیہ دیا۔ مولانا عبدالواسع کی قیادت میں قبائلی عمائدین کا وزیراعلیٰ سے ملاقات کرنا اور ایک مشترکہ کمیٹی کے قیام پر اتفاق، ایک جمہوری اور مشاورتی عمل کی نشاندہی کرتا ہے۔ اگر یہ کمیٹی واقعی غیر جانبداری اور شفافیت کے ساتھ کام کرتی ہے تو یہ نہ صرف اس مسئلے کا حل نکال سکتی ہے بلکہ مستقبل کے لیے ایک مثبت مثال بھی قائم کر سکتی ہے۔ بلوچستان میں وسائل پر مقامی حق کا مسئلہ محض ایک معاشی معاملہ نہیں بلکہ سیاسی اور سماجی استحکام سے بھی جڑا ہوا ہے۔ اگر مقامی آبادی کو یہ یقین نہ ہو کہ ان کے وسائل پر ان کا حق محفوظ ہے، تو ترقیاتی منصوبے بھی تنازعات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس لیے حکومت کا یہ مؤقف کہ "مقامی وسائل پر پہلا حق مقامی لوگوں کا ہے" نہایت اہم ہے، مگر اصل امتحان اس پر عملی درآمد کا ہے۔ ایگل اسکواڈ کے ہاتھوں نوجوان کے قتل کے واقعے کا نوٹس لینا بھی ایک اہم پیش رفت ہے، کیونکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جوابدہی کسی بھی مہذب معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے۔ اگر اس واقعے کی شفاف تحقیقات ہوتی ہیں اور ذمہ داروں کو سزا دی جاتی ہے تو یہ عوامی اعتماد کی بحالی میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ مجموعی طور پر، بلوچستان کی موجودہ صورتحال ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں ایک طرف عالمی سطح پر پاکستان کی کامیاب سفارت کاری ہے، اور دوسری طرف اندرونی سطح پر گورننس، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوامی اعتماد کے چیلنجز ہیں۔ اگر حکومت ان دونوں محاذوں پر توازن برقرار رکھنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورا ملک استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No 6

Dated: 15 APR 2026 Page No. 27

## بلوچستان میں افسران کی نگرانی کا نیا نظام

بلوچستان میں فیلڈ افسروں کی حاضری، کارکردگی اور موثر نگرانی کو یقینی بنانے کے لیے جدید ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے باوجود بلوچستان طویل عرصے سے انتظامی کمزوریوں، بدانتظامی اور عدم توجہی کا شکار رہا ہے۔ ان مسائل کی ایک بڑی وجہ فیلڈ افسروں کا اپنے تعیناتی کے علاقوں میں موجود نہ ہونا اور عوامی مسائل سے لاتعلقی بھی ہے۔ ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے افسران کی حاضری، فیلڈ وزٹس اور کارکردگی کو حقیقی وقت میں جانچا جا سکے گا۔ اس سے نہ صرف غیر حاضری کی روایت کو لگام دی جا سکے گی بلکہ عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری بھی آئے گی۔ مزید یہ کہ شفافیت بڑھے گی اور بدانتظامی کے امکانات کم ہوں گے، کیونکہ ہر عمل ایک ڈیجیٹل ریکارڈ کا حصہ ہوگا۔ تاہم اس نظام کی کامیابی کا انحصار صرف ٹیکنالوجی پر نہیں بلکہ اس کے موثر اور غیر جانبدارانہ استعمال پر ہے۔ اگر سیاسی مداخلت بدستور جاری رہی یا احتساب کے عمل میں نرمی برتی گئی تو جدید نظام بھی بے اثر ہو سکتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس اقدام کو مضبوط ادارہ جاتی حمایت، واضح قواعد و ضوابط اور سخت نگرانی کے ساتھ نافذ کیا جائے۔ بلوچستان جیسے حساس اور وسیع صوبے میں گورننس کی بہتری کے لیے یہ قدم ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے، بشرطیکہ اسے سنجیدگی، تسلسل اور دیانتداری سے نافذ کیا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No 6

Dated: 15 APR 2026

Page No: 29

# Excessive gas load-shedding

As the mercury rises and the harsh winter of Quetta finally recedes, the residents of the provincial capital expected a reprieve from the chronic energy shortages that define their colder months. Ironically, the advent of summer has brought no such relief. Instead, the Sui Southern Gas Company (SSGC) has inexplicably intensified gas load-shedding, plunging the city into a fresh crisis at a time when demand for heating has plummeted. This counterintuitive move by the utility provider has not only defied logic but has also severely disrupted the daily routines of citizens who now find themselves unable to perform basic domestic tasks, such as cooking, despite the favorable change in weather.

The implementation of a new, more stringent load-shedding timetable has sparked widespread indignation across the city. By choking the supply during peak hours, the SSGC has effectively paralyzed kitchens and small businesses, proving that the mismanagement of Balochistan's natural resources remains a persistent thorn in the side of its people. It is a bitter irony that the province which serves as a primary source of natural gas for the entire country continues to face the brunt of its scarcity. This systemic neglect has forced the lawmakers of the Balochistan Assembly to voice their grievances on the floor, demanding an immediate end to this artificial crisis and calling for the rightful provision of gas to the people of the province, particularly in Quetta. The mounting pressure from public representatives highlights a deepening sense of alienation. For too long, the residents of Quetta have been treated as secondary consumers of their own resources. The current situation demands more than just verbal protests; it requires a decisive intervention from the provincial executive. It is high time the Balochistan government takes up this mantle with the federal authorities and the SSGC leadership to ensure that Quetta receives its due share without interruptions. The people of Quetta have endured enough seasonal hardships; they should not be forced to suffer through a man-made crisis in the middle of summer. Only through firm political will and administrative accountability can the "maximum supply" of gas be secured, restoring normalcy to a city already weary of broken promises. The consumers regularly pay their bills with all kind of taxes despite that depriving people of this natural resource is absolutely unjustified and needs the attention of authorities concerned to come up with pragmatic policies. The closure of gas supply at peak time has created disillusionment amongst citizens.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 APR 2026 Page No. 3 ٥


# ضلع کیچ میں تعلیمی انقلاب میرٹ، شفافیت اور روشن مستقبل کی جانب قدم

تحریر۔ چاکر بلوچ

ضلع کیچ میں حالیہ دنوں حکومت کی جانب سے تعلیمی بہتری کے لیے اساتذہ کی کنٹریکٹ بنیادوں پر تعیناتی ایک خوش آئند اور مثبت پیش رفت ہے یہ اقدام نہ صرف تعلیم کے فروغ کی سنجیدہ کوششوں کا عکاس ہے بلکہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ حکومت تعلیمی میدان میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے اطلاعات کے مطابق میل اور فیمیل اساتذہ کی تعیناتی مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر کی گئی، جس سے اہل اور قابل افراد کو آگے آنے کا موقع ملا۔ اس عمل میں شفافیت کو برقرار رکھنے سے عوام کا اعتماد بھی بحال ہوا ہے، جو ماضی میں اکثر تقرریوں کے حوالے سے سوالات اٹھاتے رہے ہیں اس طرح کے اقدامات نہ صرف تعلیمی معیار کو بہتر بناتے ہیں بلکہ نوجوان نسل میں محنت اور قابلیت کے رجحان کو بھی فروغ دیتے ہیں ضلع کیچ جیسے وسیع اور جغرافیائی طور پر پھیلے ہوئے علاقے میں تعلیم کی فراہمی ہمیشہ ایک چیلنج رہی ہے، خاص طور پر دور دراز علاقوں میں جہاں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے تاہم، حکومت کی جانب سے ان علاقوں میں نئے اسکولوں کے قیام اور بند اسکولوں کی بحالی کے اقدامات قابل ستائش ہیں اساتذہ کی دستیابی سے ان اسکولوں کو فعال بنانے میں مدد ملے گی، جس کے نتیجے میں مقامی بچوں کو اپنے علاقوں میں ہی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ خواتین اساتذہ کی شمولیت بھی ایک اہم پیش رفت ہے، کیونکہ اس سے بچیوں کی تعلیم کو فروغ ملے گا اور والدین میں اعتماد پیدا ہوگا کہ ان کی بیٹیاں محفوظ اور سازگار ماحول میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں یہ عمل نہ صرف شرح خواندگی میں اضافے کا سبب بنے گا بلکہ سماجی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا حکومت کی جانب سے شروع کیا گیا یہ تعلیمی انقلاب درحقیقت ایک دور اندیش پالیسی کا نتیجہ ہے، جس کا مقصد صرف وقتی بہتری نہیں بلکہ ایک پائیدار تعلیمی نظام کی تشکیل ہے۔ اساتذہ کی بروقت تعیناتی، جدید تدریسی طریقوں کا فروغ اور تعلیمی اداروں کی بہتری اس وژن کا حصہ ہیں، جو مستقبل کی نسلوں کو مضبوط بنیاد فراہم کرے گا مزید برآں، حکومت کی تعلیمی دوستی پالیسی نے یہ واضح کر دیا ہے کہ تعلیم کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے دور افتادہ علاقوں میں اسکولوں کا قیام، سہولیات کی فراہمی اور اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانا ایسے اقدامات ہیں جو ایک حقیقی تبدیلی کی نشاندہی کرتے ہیں یہ اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت صرف اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے۔ یہ تعلیمی اصلاحات نہ صرف ضلع کیچ بلکہ پورے خطے کے لیے ایک مثال بن سکتی ہیں اگر اسی جذبے اور سنجیدگی کے ساتھ کام جاری رہا تو وہ دن دور نہیں جب یہ علاقہ تعلیمی ترقی میں نمایاں مقام حاصل کرے گا۔ حکومت کا یہ تعلیمی انقلاب یقیناً ایک روشن مستقبل کی بنیاد رکھ رہا ہے، جس کے مثبت اثرات آنے والی نسلوں تک منتقل ہوں گے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے اور ان کی مؤثر نگرانی بھی کی جائے تاکہ تعینات کیے گئے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھا سکیں اس کے ساتھ ساتھ کمیونٹی کی شمولیت کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ تعلیم کے فروغ کا یہ سفر مشترکہ ذمہ داری کے طور پر جاری رہے۔ مجموعی طور پر، ضلع کیچ میں اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی اور دور دراز علاقوں میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی حکومت کے ایک روشن اور تعلیم دوست وژن کی عکاسی کرتی ہے۔ اگر یہی رفتار برقرار رہی تو آنے والے دنوں میں ضلع کیچ تعلیمی میدان میں نمایاں ترقی حاصل کر سکتا ہے۔

CamScanner